سبق-3

گھر اور گھونسلا

ایک دن نیلم اور بَبلو باغ میں کھیلنے کے لیے گئے۔ گھومتے گھومتے اُنھوں نے ایک جھاڑی میں گھونسلا دیکھا۔ گھونسلے میں چِڑیا کا ایک بچّہ تھا۔ بَبلو نے سوچا گھونسلے کے تِنکے چڑیا کے بچّے کو چُبھتے ہوں گے۔ گرمی اور سردی الگ پریشان کرتی ہوگی۔ کیوں نہ اِسے اپنے گھر لے جاؤں اور نرم نرم بِستر پر رکھوں۔ اِس خیال سے بَبلو نے ہاتھ بڑھایا۔ چڑیا کا بچّہ چوں چوں کر کے چلّایا۔ ”مجھے نہ پکڑو، مجھے نہ پکڑو“۔

بَبلو بولا ’’ڈرو مت بھائی! میں تمھیں کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ تمھیں آرام سے رکھوں گا۔ تمھیں یہ تِنکے چُبھتے ہوں گے۔‘‘

چِڑیا کا بچّہ بولا ’’شکریہ بھائی! تم بہت اچھّے ہو لیکن سنو! مجھے تو اپنا گھونسلا پیارا ہے۔ میری ماں نے پروں کا نرم بِستر بنایا ہے۔ یہ دیکھو...‘‘

بَبلو نے دیکھا سچ مُچ گھونسلے کے اندر نرم نرم پروں کا بستر بِچھا ہوا تھا۔ اس لیے تِنکے چُبھتے نہ تھے۔ چِڑیا کا بچّہ بولا ’’میری ماں اپنے پروں میں چُھپا کر مجھے سردی اور گرمی سے بچاتی ہے۔‘‘

© NCERT not to be republished

بَبلو نے چڑیا کے بچّے سے کہا ’’میرا گھر بہت بڑا ہے۔ اس کی چھت اور دیواریں مجھے گرمی، سردی اور بارش سے بچاتی ہیں۔‘‘

چڑیا کا بچّہ بولا ’’ہاں بھیّا... ٹھیک کہتے ہو۔ ہر ایک کو اپنے گھر میں ہی آرام ملتا ہے۔ تم بہت اچھّے بچّے ہو۔ مجھے اپنے گھونسلے میں ہی رہنے دو۔‘‘ یہ سن کر نیلم اور بَبلو خوشی خوشی گھر لوٹ گئے۔

مشق

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. نیلم اور بَبلو باغ میں کیوں گئے؟
2. نیلم اور بَبلو نے باغ میں کیا دیکھا؟
3. چڑیا کے بچّے کو دیکھ کر بَبلو نے کیا سوچا؟
4. چڑیا کے بچّے نے بَبلو سے کیا کہا؟
5. چڑیا اپنے بچّے کو گرمی اور سردی سے کس طرح بچاتی ہے؟

© NCERT not to be republished

خالی جگہوں میں صحیح جواب لکھیے۔

1. ببلو چڑیا کے بچّے کو ______ کے لیے گھر لے جانا چاہتا تھا۔

(کھیلنے / پالنے / سُلانے)

2. چڑیا نے ______ گھونسلے کو نرم بنایا تھا۔

(روئی بچھا کر / پروں کے بِستر سے / نرم کپڑے رکھ کر)

3. ______ ببلو کو گرمی، سردی اور بارش سے بچاتی ہیں۔

(کپڑے اور چادریں / چھت اور دیواریں / دروازے اور کھڑکیاں)

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. جھاڑی =

2. بارش =

3. خیال =

4. نقصان =

5. پریشان =

© NCERT not to be republished

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. | ب | ب | ل | و | = ...

2. | چ | ڑ | ی | ا | = ...

3. | ب | س | ت | ر | = ...

4. | پ | ی | ا | ر | ا | = ...

5. | گھ | و | ن | س | ل | ا | = ...

کون کہاں رہتا ہے؟ لکھیے۔

پانی   گھر   گھونسلے   بِل

1. شیر غار میں رہتا ہے۔
2. چوہا .... میں رہتا ہے۔
3. چڑیا .... میں رہتی ہے۔
4. مچھلی .... میں رہتی ہے۔
5. آدمی .... میں رہتا ہے۔

© NCERT not to be republished

حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

الف	ب
گرمی	بُرا
غم	فائدہ
نرم	سردی
نقصان	سخت
اچھّا	خوشی

نیچے لکھی باتیں کس نے کہیں؟ لکھیے۔

1. "مجھے نہ پکڑو، مجھے نہ پکڑو۔" ________
2. "تمھیں یہ تنکے چبھتے ہوں گے۔" ________
3. "میری ماں نے پَروں کا نرم بستر بنایا ہے۔" ________
4. "میرا گھر بہت بڑا ہے۔" ________
5. "مجھے اپنے گھونسلے میں ہی رہنے دو۔" ________

© NCERT not to be republished

تصویر میں دی ہوئی چیزوں کے نام لکھیے ۔



© NCERT not to be republished

1. ______________________

2. ______________________

3. ______________________

4. ______________________

سوچیے اور بتائیے۔

1. کھیلنے کے لیے آپ کہاں کہاں جاتے ہیں؟
2. آپ نے کون کون سے پرندے دیکھے ہیں؟
3. گرمی سے بچنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟

اِن تصویروں کو دیکھ کر بتائیے کہ یہ کس قسم کے گھر ہیں؟

© NCERT not to be republished

خوش خط لکھیے۔

گھونسلا	
چُبھنا	
بِچھانا	
شکریہ	
بِستر	

© NCERT not to be republished